کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور
بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۴ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۹ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۲۴ اگست سنہ ۱۹۴۰ء جلد ۵۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں علیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری تجاویز اسٹیٹ کونسل متعلق روئداد جلسہ انتظامیہ کمیٹی رضاکاران منعقدہ ۲۰ جولائی سنہ ۴۰ء	۲
۲	روبکار بابت مقرر فرمائے جانے لفٹننٹ کرنل دلاور حسین خاں صاحب جنرل کمانڈنٹ خاصہ ... و میجر ... صاحب ... اسسٹنٹ کمانڈنٹ ... خزانہ نام سید حسین الدین ... بوجہ فوتی ...	۳
۳	روبکار بابت تبادلہ باہمی میجر عبدالغفار خاں صاحب اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورث و کپتان احمد یار خاں صاحب اسسٹنٹ کمانڈنٹ خاصہ	۴
۴	منظوری الاؤنس برائے سکریٹری صاحب مجلس منتخبہ	۴
۵	منظوری الاؤنس برائے ایکزیکٹیو انجینیر صاحب تعمیرات و انجینیر صاحب روڈس	۴ و ۵
۶	منظوری تجاویز مندرجہ یادداشت عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر متعلق جلسہ وار کمیٹی منعقدہ ۷ اگست سنہ ۴۰ء	۵ و ۶

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری رکھا جانا بعوض خدمت بزمانہ رخصت ڈاکٹر عبدالرحیم صاحب اسسٹنٹ سرجن	۷
۲	منظوری قیمت تھوک فروش چرس باضافہ ... فی سیر	۷ و ۸
۳	منظوری اشاعت اعلان نسبت سپردگی جائداد منقولہ و غیر منقولہ ... بحفاظت ...	۸

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم نمبر ۱ - (مسودہ) واقع ۱۰ر اگست ۱۹۳۲ء

بصراحت رپورٹ تجاویز کی منظوری دیجاتی ہے۔
سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — میر منشی

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۵ر اگست ۱۹۳۲ء میں عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی تجویز بابت غور پر تجاویز مندرجہ عـ۵ وعـ۶ روئداد جلسہ انتظامیہ کمیٹی رضاگارڈ منعقدہ ۲۰ر جولائی ۱۹۳۲ء پیش ہوئی۔ عـ۵ میں یہ استدعا کی گئی ہے کہ رضاگارڈ کے اُن ممبران کو جو فرائض کو دلچسپی وپابندی کے ساتھ انجام دیں۔ بشرط ضرورت گورنمنٹ رامپور ان کی اہلیت کا لحاظ رکھتے ہوئے۔ دوسرے اُمیدواران پر خصوصیت کے ساتھ ترجیح دے۔ اور عـ۶ میں استدعا کی گئی ہے کہ ہر ممبر رضاگارڈ کا بضرورت خود معائنہ وعلاج بلا معاوضہ کیاجائے اور مخدوش اور اُلجھے ہوئے امراض کی حالت میں عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر سے رجوع کی اجازت دی جائے۔ اسٹیٹ کونسل کی تجاویز حسب ذیل ہیں۔

۱۔ رضاگارڈ کے وہ ممبران جو فرائض کو دلچسپی اور پابندی کے ساتھ انجام دیں اور جس صیغہ کی ملازمت کے وہ اُمیدوار ہوں۔ اس کی مقررہ قابلیت واستعداد رکھتے ہوں۔ تو دیگر اُمیدواران کے مقابلہ میں ان کا ممبر رضاگارڈ ہونا ایک مزید قابلیت متصور ہوگا۔

۲۔ رضاگارڈ کا کوئی ممبر جب فرائض متعلقہ کی ادائیگی کی وجہ سے قابل علاج ہوجائے۔ تو عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر اُس کے معائنہ وعلاج کا بلامعاوضہ انتظام کرینگے۔ اور مخدوش مرض کی حالت میں وہ بذات خود یا کسی دوسرے ڈاکٹر کے ذریعہ معائنہ وعلاج کا انتظام کرینگے۔

لہذا ترتیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے بحکم منظوری تجاویز کونسل شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

عرض ... صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۰ر اگست ۱۹۳۲ء

روبکار

واقع ۱۰ اگست ۱۹۴۹ء

(مسودہ)

بنظر مصالح انتظامی حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) دلاور حسین خاں (سابق لفٹنٹ کرنل پنشنر) اور بے کشن (سابق میجر) کو ڈیوٹی پر بحال کیا جاتا ہے۔

(۲) لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں کو کمانڈنٹ خاصباغ نمبر ۱ و ڈیوڑھیات مقرر کیا جاتا ہے اون کو علاوہ پنشن کے ایک سو چھیاسٹھ روپیہ گیارہ آنہ ماہوار تنخواہ پرسنل اسٹاف سے ملے گی۔

(۳) میجر بے کشن کو اسسٹنٹ کمانڈنٹ ڈیوڑھیات مقرر کیا جاتا ہے اون کو علاوہ پنشن کے ایک سو تینتیس روپیہ ۳ آنہ ماہوار تنخواہ ڈیوڑھیات سے ملیگی۔

(۴) کمانڈنٹ فورٹ اور کمانڈنٹ خاصباغ بماتحتی لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں بحیثیت اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورٹ و اسسٹنٹ کمانڈنٹ خاصباغ خدمات انجام دیں گے

(۵) کمانڈنٹ خاصباغ تک اور ڈیوڑھیات کی خدمت کا جہاں تک فوجی تعلق ہے وہ بتوسط صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر بماتحتی عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر رہے گا۔ دیگر انتظامی امور بتوسط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر براہ راست متعلق رہیں گے۔ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر بارگاہ دولت و اقبال سے حکم حاصل کریں گے۔

(۶) سید معین الدین کیدان تنخواہ دار ایک سو پچیس روپیہ ماہوار کا نام تاریخ ہذا سے خارج کیا جائے۔

(۷) مصطفیٰ علی کیدان تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار کو ملازمت سے سبکدوش کیا جاتا ہے۔

(۸) انتظام مصرحہ بالا میں جس قدر رقم کی ضرورت ہو۔ اوسکی فراہمی کا انتظام علاوہ وزیر فائنانس کے دیگر بجٹوں کی گنجائش سے عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر و عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر و عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر اور صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر بمشورہ باہمی کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں آرڈر جاری ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

(مسودہ) واقع ۱۰ اگست ۱۹۴۹ء

میجر عبد الغفار خاں اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورٹ اور کپتان احمد یار خاں اسسٹنٹ کمانڈنٹ خاصباغ کا باہمی تبادلہ کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- (مسوری) واقع ۱۹ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

بموجب رپورٹ مولوی بشیر احمد خاں سکریٹری مجلس مقننہ کا پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس از یکم مئی سنہ ۱۹۲۰ء مقرر کیا جانا منظور ہے بسر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کی تجویز اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ اگست سنہ ۱۹۲۰ء میں بدین خلاصہ پیش ہوئی کہ:-

مولوی بشیر احمد خاں اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ بحکم ہمایوں صادرہ یکم مئی سنہ ۱۹۲۰ء سکریٹری مجلس مقننہ مقرر فرمائے جاچکے ہیں۔ اور تاریخ تقرر سے سکریٹری مجلس مقننہ کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ چونکہ ان کے الاؤنس کے متعلق ابھی کوئی حکم صادر نہیں ہوا ہے۔ لہذا تجویز ہے کہ مبلغ صہ ماہانہ بطور الاؤنس بسلسلہ خدمات سکریٹری مجلس مقننہ تاریخ تقرر سے دلایا جانا منظور فرمایا جائے بجٹ سال رواں میں ڈپٹی پریسیڈنٹ صاحب بہادر کے الاؤنس کی رقم میں مبلغ صماعہ کی رقم بچ رہیگی یہ الاؤنس اس رقم محفوظ سے دلایا جاسکتا ہے۔ جسپر فنانس منسٹر کو اتفاق ہے۔ کونسل نے الاؤنس معروضہ بالا کی منظوری سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا اجلاس کاغذات ذریعہ عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم منظوری الاؤنس حضور مطلے میں پیش ہیں۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد۔

صحیح

زیر عرضداشت دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۱۹ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

حکم:- (مسوری) واقع ۱۹ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

بموجب رپورٹ مسٹر بابو لال گپتا ایگزیکیٹو انجینئر تعمیرات اور مسٹر عبدالجبار خاں انجینئر روڈس کا سواری الاؤنس بجائے تیس روپیہ ماہانہ فی کس کے چالیس روپیہ ماہوار فی کس از یکم مئی سنہ ۱۹۲۰ء منظور کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

مسٹر بابو لال گپتا صاحب ایگزیکیٹو انجینئر تعمیرات اور مسٹر عبدالجبار خاں صاحب انجینئر روڈس نے رپورٹ کی ہے کہ انکو مختلف مقامات پر کاموں کی نگرانی وغیرہ کے سلسلہ میں روزانہ پانچ میل کے اندر بہت زیادہ سفر کرنا پڑتا ہے جس میں پٹرول کے مصارف بہت زیادہ ہوجاتے ہیں۔ دوسرے افسر صاحبان مثلاً مسٹر اسلم خان صاحب ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ۔ اسپیشل منیجر صاحب اور ناظم صاحب کو چالیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس ملتا ہے۔ لہذا انکو بھی بجائے تیس روپیہ ماہانہ کے چالیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس دلایا جائے۔ تاکہ مزید مصارف کا بار کم ہوجائے

بیشی رقم سے مصارف بجٹ ہائے متعلقہ کی گنجائش سے پورے ہو جائینگے۔ چنانچہ ترقیخواہ نے بھی یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء سے ہر دو انجینیر صاحبان کا سواری الاؤنس بجائے تیس ۳۰ روپیہ ماہانہ کے چالیس ۴۰ روپیہ ماہانہ منظور فرمائے جانے سے اتفاق کرلیا ہے جس سے صیغہ فائنانس کو بھی اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۱۲ اراگست سنہ ۱۹۳۰ء میں ترقیخواہ کی تجویز سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہذا ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری سواری الاؤنس ہر دو انجینیر صاحبان مذکور بجائے تیس ۳۰ روپیہ ماہانہ فی کس کے چالیس ۴۰ روپیہ ماہانہ فی کس از یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔
معروضہ ۱۶ اراگست سنہ ۱۹۳۰ء

حکم۔ (سوری) واقع ۲۰ اراگست سنہ ۱۹۳۰ء

تجاویز مندرجۂ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔ عالی رتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض میرساند

جناب عالی

جلسہ وارکمیٹی منعقدہ ۰ اراگست سنہ ۱۹۳۰ء کی مکمل روئداد ذریعہ عرضداشت جداگانہ حضور معلے میں پیش کیجارہی ہے۔ جس میں دو تجاویز مندرجہ ذیل قابل صدور حکم منظوری از اجلاس ہمایوں ہیں:۔

۱۔ صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل کو "وارکمیٹی" کا سکریٹری مقرر کیا جائے۔

۲۔ یہ کہ مبلغ بارہ ہزار روپیہ کی رقم بطور چندہ فراہم کرکے برائے ایک آرمرڈ کار گورنمنٹ کو پیش کیجائے۔ اور اس سلسلہ میں ایک "سب کمیٹی" فراہمی چندہ کیلئے زیر صدارت عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر مقرر کیجائے۔ جس کے سکریٹری مسٹر اسلم خان صاحب اور "خزانچی" "صاحب فائنانس سکریٹری بہادر ہونگے۔ ممبران کی نامزدگی حسب تجویز عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر ہوگی۔ چنانچہ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے بصراحت ذیل ممبران کی نامزدگی فرمائی ہے۔

۱۔ عالیمرتبت کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر۔
۲۔ مسٹر ضمیر احمد صاحب بہادر۔ ہاشمی۔
۳۔ خان بہادر اکرام حسین صاحب بہادر
۴۔ مسٹر آئی۔ بی۔ سیوبی
۵۔ مسٹر ٹی۔ ایچ۔ ٹیری ان۔
۶۔ مسٹر بی۔ ایل۔ گپتا۔
۷۔ مسٹر عبدالجبار خان صاحب
۸۔ سنشیام بہادر صاحب

۹ ابراہیم علیخاں صاحب بہادر۔

۱۰ عبدالوحید خاں صاحب بہادر

۱۱ ممتاز علیخاں صاحب

۱۲ چودھری اندر پرشاد صاحب

۱۳ مسٹر سی۔ جی۔ براؤن۔

۱۴ مسٹر آر آر سیٹھ۔

لہذا ترتیب تنخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری تجاویز معروضہ بالا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

صح

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۵ اگست ۱۹۲۰ء

سررشتہ صدر سے حسب منشاء حکم ہمایوں احکام متعلقہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

۲۲ اگست ۱۹۲۰ء   دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

7. It is obvious from the report of the Board of Officers that promotions in the Rampur Rohilla Lancers are not made on the recommendations of a Committee of Officers, as is the case in other Units, for which reason we direct that all future promotions will be on the recommendations of such a Committee.

8. For the duration of the War we have recalled several retired Officers, who are getting their pensions plus pay both to equal their pay of rank and appointment. From now onwards, it is ordered that their pensions will be stopped for the period they are in service and they will get the pay of their rank and appointment.

9. The foregoing arrangements will result in financial increase in the Rampur Rohilla Lancers, but a saving will be effected in the Personal Staff, and the Army Budget in general. The necessary adjustment will be worked out by the Hon'ble Chief Commandant and Military Secretary and the Hon'ble Finance Minister.

Sd/. His Highness
Nawab of Rampur.

Original to be kept in Dar-ul-Insha and Copies to:-

1. The Hon'ble Chief Minister,
2. The Hon'ble Finance Minister,
3. The Hon'ble Chief Medical Officer,
4. The Hon'ble Chief Comdt. & Military Secretary,
5. The Private Secretary,
6. The Asstt. Military Secretary,
7. **Sadar,**
8. State Press for publication in the State Gazette.

Sd/. Private Secretary.

ARMY ORDER
BY
General His Highness the Nawab of Rampur.

Dated Mussoorie, 21st August, 1940.

It is with great distress and disappointment that we read the report of the Board of Officers regarding Rampur Rohilla Lancers, and we are sorry to note that inspite of repeated warnings this Unit has not shown proof of a sense of discipline. There is no alternative but to effect changes among the Senior ranks, as recommended by the Board of Officers and if need be, some changes in the Junior ranks, too. We are, therefore, pleased to pass the following orders:

1. *Captain* Hamid Ali Khan, the present Officer Commanding, to be retired on proportionate pension as a special case. Captain Ahmad Yar Khan, Asstt: Commandant, Fort, is transferred to Rampur Rohilla Lancers as Officer Commanding (Officiating). His confirmation will depend on the report of Lt-Colonel Aziz Hasan Khan.

Lieut. Mohammad Jan Khan of the 2nd Rampur Murtaza Infantry is transferred to the post of Asst: Fort Commandant. The vacancy created by this transfer will be filled by a Cadet selected by the Hon'ble Chief Comdt. and Military Secretary.

Captain Syed Zamir Ahmad is transferred from 2nd Rampur Murtaza Inf. to Rampur Rohilla Lancers as Second in Command. This vacancy will be filled by a Cadet selected by the Hon'ble Chief Commandant and Military Secretary.

2. *Risaldar* Jamil Khan of Rampur Rohilla Lancers is transferred to our Personal Staff, and Subedar Syed Wiqar Husain is reverted to the 2nd Rampur Murtaza Infantry.

3. *Risaldar* Rafi-uddin Khan of Rampur Rohilla Lancers, who has earned his full pension, is to be retired.

The two remaining Indian Officers, i.e., Jamadar Mohabbat Shah Khan, and Jamadar Bahadur Ali will stay in their present appointments, under special monthly report.

4. We have already arranged for a lent Officer from the Indian Cavalry to be appointed as Adjutant in the Rampur Rohilla Lancers. The post is to be kept vacant pending his arrival, and the Hon'ble Chief Commandant and Military Secretary is authorised to appoint him on arrival.

5. We are short of two Indian Officers, i.e. in place of Risaldars Jamil Khan and Rafi-uddin Khan. The Hon'ble Chief Comdt. and Military Secretary is authorised to appoint two Retired Dafadars from the Indian Cavalry as Jamadars in the Rampur Rohilla Lancers as a temporary measure till our own N. C. O.'s prove themselves fit for promotion as Indian Officers.

6. We are not very much satisfied with some N.C.O.'s and lower ranks. The Hon'ble Chief Comdt; and Military Secretary and Lt-Colonel Aziz Hasan Khan will therefore, see to it that men having a bad influence are eliminated forthwith.

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ۔ واقع ۱۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء میں حکم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء بدین مضمون پیش ہوا کہ ڈاکٹر عبدالرحیم سب اسسٹنٹ سرجن فوجی خدمت پر گئے ہوئے ہیں۔ سابق میں ان کی رخصت چھ ماہ منظور ہوئی تھی۔ اب دوبارہ چھ ماہ کی رخصت از ۲۲ر مئی سنہ ۱۹۳۰ء بوضع سالم تنخواہ منظور کرکے عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے ڈاکٹر مذکور کے زمانہ رخصت میں ان کی بجائے ابتدائی تنخواہ گریڈ پر ایک عوض خدمت رکھے جانے کی منظوری کی تحریک کی ہے۔ لہذا حسب تجویز عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر باتفاق صیغہ فائنانس ڈاکٹر عبدالرحیم مذکور کے زمانہ رخصت آخرالذکر میں گریڈ کی ابتدائی تنخواہ پر عوض خدمت رکھا جانا منظور ہے۔

طے پایا کہ:-

کونسل کو حکم معروضہ بالا سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع نقل حکم منسلکہ بغرض شمول اصل مثل سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔ ایک نقل آرڈر ہذا کی سررشتہ صدر سے بغرض اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ۔ واقع ۱۳ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ آبکاری کی تجویز بدین خلاصہ پیش ہوئی کہ اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مارچ سنہ ۱۹۳۰ء میں چرس کی قیمت تھوک فروش بجائے [illegible] فی سیر کے ۱۰۰ فی سیر مقرر ہوئی تھی۔ اب یوپی گورنمنٹ میں چرس کی قیمت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ لہذا حسب تحریر عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس تجویز ہے کہ ریاست رامپور میں بھی چرس کی قیمت موجودہ تھوک فروش میں بیس روپیہ فی سیر کا مزید اضافہ کرکے ایک سو بیس روپیہ فی سیر قیمت مقرر کی جائے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز ریاست رامپور میں چرس کی موجودہ قیمت تھوک فروش میں عہ فی سیر کا اضافہ کرکے ۱۲۰ فی سیر قیمت مقرر کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے
کارروائی اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر
کو مرسل ہو۔ ایک نقل دارالانشاء کو بھیجی جائے۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل اسٹیٹ رامپور۔ واقع ۱۳ اگست ۱۹۲۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ اگست ۱۹۲۰ء
میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت
اشاعت اعلان مندرجہ ذیل بہ گزٹ پیش ہوئی۔

اعلان

تحت قاعدہ ۱۱۴ قواعد تحفظ ہند مجریہ گورنمنٹ
ہند فرم غنیم ای۔ الیف مسرز شمٹ کمپنی بمبئی یا اسکی
شاخوں کی مملوکہ و متعلقہ منجملہ جائداد منقولہ و غیر منقولہ
گورنمنٹ ہند نے محافظ مال غنیم کے سپرد کر دی ہے
طے پایا کہ:۔
سرکاری گزٹ میں اعلان مندرجہ بالا کی اشاعت
منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے
احکام دارالانشاء کو بھیجے جائیں۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل